# 22452 ـ ٹینڈر کے حصول کے لیے ہدیہ دینے کا حکم

**سوال**

کیا ٹینڈر اور منصوبہ جات کا ٹھیکہ حاصل کرنے کے لیے ہدیہ یا رقم دینی جائز ہے ؟

**پسندیدہ جواب**

الحمد للہ.

یہ عمل جائز نہیں، یعنی ٹینڈر یا منصوبہ جات کے حصول کے وقت ہدیہ دینا جائز نہیں ہے، نہ تو دینے والے کے جائز ہے، اور نہ ہی لینے والے کے لیے، کیونکہ یہ دھوکہ اور فراڈ کا باعث ہے، اور اس طرح ہدیہ دینے والے کو وہ ٹینڈر اور منصوبہ حاصل ہو جائیگا، حالانکہ اس کے علاوہ دوسرا شخص اس کا زیادہ مستحق تھا .